نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر زراعت کے شعبہ میں منافع بخش اور پائیدار ترقی کے فروغ کیلئے ایگریکلچر کمیشن کا قیام، نوٹیفکیشن جاری

لاہور02اگست2024: وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر زراعت کے شعبہ میں منافع بخش اور پائیدار ترقی کے فروغ کیلئے ایگریکلچر کمیشن کا قیام کر دیا گیا ہے اور اس ضمن میں نوٹیفیکشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کی رو سے وزیر زراعت ولائیو اسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی ایگریکلچر کمیشن کے چیئرمین مقرر کیا گیا ہے۔ ایگریکلچر کمیشن کے دیگر ممبران میں صوبائی وزیر آبپاشی محمد کاظم پیرزادہ اور وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان کے علاوہ ممبران صوبائی اسمبلی رانا محمد سلیم اور اسامہ خان لغاری کو شامل کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ سیکرٹریز محکمہ زراعت، لائیو اسٹاک، آبپاشی، خزانہ بھی بطور ممبران شامل ہیں۔ اس کے علاوہ سیکرٹری زراعت پنجاب ایگریکلچر کمیشن کے ممبر / سیکرٹری مقرر کئے گئے ہیں۔ ایگریکلچر کمیشن میں ترقی پسند کاشتکاران و دیگر اسٹیک ہولڈرز سمیت مجموعی طور پر 31 ممبران شامل ہیں۔ ایگریکلچر کمیشن صوبہ پنجاب میں غذائی تحفظ اور منافع بخش فارمنگ کیلئے سفارشات دے گا۔ یہ کمیشن پانی، فصل کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ، موسمیاتی تبدیلیوں اور ویلیو ایڈیشن کیلئے سفارشات مرتب کرے گا۔ اس کے علاوہ ایگریکلچر کمیشن حکومت پنجاب کو ایگرو ایکالوجیکل زونز کی تشکیل اور ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ میں بہتری کیلئے سفارشات ارسال کرے گا۔ ایگریکلچر کمیشن کمیٹیوں کے ذریعے کام کرے گا اور ضرورت پڑنے پر ماہرین کو بھی شامل کیا جائے گا۔ ایگریکلچر کمیشن میں کاشتکاروں کے مسائل اور حل کیلئے تمام متعلقہ سٹیک ہولڈرز کو نمائندگی دی گئی ہے۔

☆☆☆☆